وَٱلْغَائِبَةُ عَنْهُمْ عُقُولُهُمْ، أَظْأَرُكُمْ عَلَى ٱلْحَقِّ وَأَنْتُمْ تَنْفِرُونَ عَنْ
نُفُورَ ٱلْمِعْزَىٰ مِنْ وَعْوَعَةِ ٱلْأَسَدِ! هَيْهَاتَ أَنْ أَطْلَعَ بِكُمْ سِرَارَ ٱلْعَدْلِ
أَوْ أُقِيمَ ٱعْوِجَاجَ ٱلْحَقِّ. ٱللَّهُمَّ إِنَّكَ تَعْلَمُ أَنَّهُ لَمْ يَكُنِ ٱلَّذِي كَانَ مِ
مُنَافَسَةً فِي سُلْطَانٍ، وَلَا ٱلْتِمَاسَ شَيْءٍ مِنْ فُضُولِ ٱلْحُطَامِ، وَلٰكِنْ لِنَرِدَ
ٱلْمَعَالِمَ مِنْ دِينِكَ، وَنُظْهِرَ ٱلْإِصْلَاحَ فِي بِلَادِكَ، فَيَأْمَنَ ٱلْمَظْلُومُو
مِنْ عِبَادِكَ، وَتُقَامَ ٱلْمُعَطَّلَةُ مِنْ حُدُودِكَ. ٱللَّهُمَّ إِنِّي أَوَّلُ مَنْ أَنَا
وَسَمِعَ وَأَجَابَ، لَمْ يَسْبِقْنِي إِلَّا رَسُولُ ٱللهِ ﴿صلى الله عليه وآله﴾ بالصلاة

وَقَدْ عَلِمْتُمْ أَنَّهُ لَا يَنْبَغِي أَنْ يَكُونَ ٱلْوَالِي عَلَى ٱلْفُرُوجِ وَٱلدِّمَا
وَٱلْمَغَانِمِ وَٱلْأَحْكَامِ وَإِمَامَةِ ٱلْمُسْلِمِينَ ٱلْبَخِيلُ، فَتَكُونَ فِي أَمْوَالِهِ
نَهْمَتُهُ، وَلَا ٱلْجَاهِلُ فَيُضِلَّهُمْ بِجَهْلِهِ، وَلَا ٱلْجَافِي فَيَقْطَعَهُمْ بِجَفَائِهِ
وَلَا ٱلْحَائِفُ لِلدُّوَلِ فَيَتَّخِذَ قَوْماً دُونَ قَوْمٍ، وَلَا ٱلْمُرْتَشِي فِي ٱلْحُكْمِ فَيَذْهَبَ
بِٱلْحُقُوقِ، وَيَقِفَ بِهَا دُونَ ٱلْمَقَاطِعِ، وَلَا ٱلْمُعَطِّلُ لِلسُّنَّةِ فَيُهْلِكَ ٱلْأُمَّةَ

ربذہ - مدینہ کے قریب ایک مقام ہے جہاں عثمان نے حضرت ابوذر کو شہر بدر کرادیا تھا

قرضت منہا - ایک جزو الگ کرلیا

اظأرکم - مہربانی کرتا ہوں

سرار - مہینہ کی آخری رات - اندھیرا

نہمہ - بے پناہ لالچ

حائف - ظالم

دُوَل - جمع دُولہ - مال

مقاطع - حدود الٰہیہ

(۱) انسان کے شرف کے لئے اتنا ہی کافی ہے کہ لوگ اس کے دین سے خائف ہوں اور وہ لوگوں کی دنیا سے خوفزدہ ہو۔ ابوذر نے مولائے کائنات کی خدمت میں رہ کر وہ دولت دین حاصل کرلی جس سے تمام سلاطین دنیا محروم تھے اور یہی انسانیت کا عظیم ترین شرف ہے۔ ابوذر سے بڑا صادق اللہجہ تاریخ اسلام میں نہیں پیدا ہو سکا ہے اور ابوذر جیسا مجاہد تاریخ بشریت میں دیکھنے میں نہیں آیا ہے۔

(۲) اس مقام پر حضرت نے امامت و قیادت کے چند شرائط کا تذکرہ کیا ہے جن کے بغیر امت برباد تو ہو سکتی ہے منزل تک نہیں پہنچ سکتی ہے۔

کاش امت اسلامیہ نے روز اول سے ان شرائط کا لحاظ رکھا ہوتا تو تاریخ خلفاء میں جاہلوں، احمقوں، ظالموں، رشوت خوروں اور بدکرداروں کے نام نہ ہوتے اور امت اسلامیہ کو اقوام عالم کے سامنے شرمندہ نہ ہونا پڑتا

مصادر خطبہ نمبر ۱۳۰ روضہ کافی صفحہ ۲۰۶، کتاب السقیفہ الجوہری بحوالہ شرح نہج البلاغہ حدیدی ۲ صفحہ ۳۷۵ تاریخ یعقوبی، تذکرۃ الخواص صفحہ ۱۵۶

مصادر خطبہ نمبر ۱۳۱ تذکرۃ الخواص صفحہ ۱۲۰، دعائم الاسلام قاضی نعمان صفحہ ۵۳۱، نہایہ ابن اثیر ۳ صفحہ ۱۵۳ ۵ صفحہ ۲۸۰، مناقب ابن الجوزی، بحار الانوار

۲۲۔ آپ کے خطبہ کا ایک حصہ

جب آپ کو خبر دی گئی کہ کچھ لوگوں نے آپ کی بیعت توڑ دی ہے۔

آگاہ ہو جاؤ کہ شیطان نے اپنے گروہ کو بھڑکانا شروع کر دیا ہے اور فوج کو جمع کر لیا ہے تاکہ ظلم اپنی منزل پر پلٹ آئے اور باطل اپنے مرکز کی طرف واپس آجائے۔ خدا کی قسم ان لوگوں نے نہ مجھ پر کوئی سچا الزام لگایا ہے اور نہ میرے اور اپنے درمیان کوئی انصاف کیا ہے۔ یہ مجھ سے اس حق کا مطالبہ کر رہے ہیں جو خود انھوں نے نظر انداز کیا ہے اور اس خون کا تقاضا کر رہے ہیں جو خود انھوں نے بہایا ہے۔ پھر اگر میں ان کے ساتھ شریک تھا تو ان کا بھی تو ایک حصہ تھا اور وہ تنہا مجرم تھے تو ذمہ داری بھی انھیں پر ہے۔ بیشک ان کی عظیم ترین دلیل بھی انھیں کے خلاف ہے۔ یہ اس ماں سے دودھ پینا چاہتے ہیں جس کا دودھ ختم ہو چکا ہے اور اس بدعت کو زندہ کرنا چاہتے ہیں جو مر چکی ہے[1]۔ ہائے کس قدر نامراد یہ جنگ کا داعی ہے[2]۔ کون پکار رہا ہے؟ اور کس مقصد کے لئے اس کی بات سنی جا رہی ہے؟ میں اس بات سے خوش ہوں کہ پروردگار کی حجت ان پر تمام ہو چکی ہے اور وہ ان کے حالات سے باخبر ہے۔

اب اگر ان لوگوں نے حق کا انکار کیا ہے تو میں انھیں تلوار کی باڑھ عطا کروں گا کہ وہی باطل کی بیماری سے شفا دینے والی اور حق کی واقعی مددگار ہے۔ حیرت انگیز بات ہے کہ یہ لوگ مجھے نیزہ بازی کے میدان میں نکلنے اور تلوار کی جنگ سہنے کی دعوت دے رہے ہیں۔ رونے والیاں ان کے غم میں روئیں۔ مجھے تو کبھی بھی جنگ سے خوفزدہ نہیں کیا جا سکا ہے اور نہ میں شمشیر زنی سے مرعوب ہوا ہوں۔ میں تو اپنے پروردگار کی طرف سے منزل یقین پر ہوں اور مجھے دین کے بارے میں کسی طرح کا کوئی شک نہیں ہے۔

۲۳۔ آپ کے ایک خطبہ کا ایک حصہ

جس میں فقراء کو زہد اور سرمایہ داروں کو شفقت کی ہدایت دی گئی ہے۔

امابعد! ــ انسان کے مقسوم میں کم یا زیادہ جو کچھ بھی ہوتا ہے اس کا امر آسمان سے زمین کی طرف بارش کے قطرات کی طرح نازل ہوتا ہے۔ لہٰذا اگر کوئی شخص اپنے بھائی کے پاس اہل و مال یا نفس کی فراوانی دیکھے تو اس کے لئے فتنہ نہ بنے۔

[1] تاریخ کا مسلم ہے کہ عثمان نے اپنے دور حکومت میں اپنے پیشرو تمام حکام کے خلاف اقرباپرستی اور بیت المال کی بے بنیاد تقسیم کا بازار گرم کر دیا تھا اور یہی بات ان کے قتل کا بنیادی سبب بن گئی۔ ظاہر ہے کہ ان کے قتل کے بعد یہ بدعت بھی مردہ ہو چکی تھی لیکن طلحہ نے امیرالمومنینؑ سے بصرہ کی گورنری اور زبیر نے کوفہ کی گورنری کا مطالبہ کر کے پھر اس بدعت کو زندہ کرنا چاہا جو ایک امام معصومؑ کسی قیمت پر برداشت نہیں کر سکتا ہے چاہے اس کی کتنی ہی بڑی قیمت کیوں نہ ادا کرنا پڑے۔

[2] ابن ابی الحدید کے نزدیک داعی سے مراد طلحہ، زبیر اور عائشہ ہیں جنھوں نے آپؑ کے خلاف جنگ کی آگ بھڑکائی تھی لیکن انجام کار سب کو ناکام اور نامراد ہونا پڑا اور کوئی نتیجہ ہاتھ نہ آیا جس کی طرف آپؑ نے تحقیر آمیز لہجہ میں اشارہ کیا ہے اور صاف واضح کر دیا ہے کہ میں جنگ سے ڈرنے والا نہیں ہوں۔ تلوار میرا تکیہ ہے اور یقین میرا سہارا۔ اس کے بعد مجھے کس چیز سے خوفزدہ کیا جا سکتا ہے۔

اس کے بعد امانتوں کی ادائیگی کا خیال رکھو کہ امانتداری نہ کرنے والا ناکام ہوتا ہے۔ امانت کو بلند ترین آسمانوں، فرش شدہ زمینوں اور بلند و بالا پہاڑوں کے سامنے پیش کیا گیا ہے جن سے بظاہر طویل و عریض اور اعلیٰ و ارفع کوئی شے نہیں ہے اور اگر کوئی شے اپنے طول و عرض یا قوت و طاقت کی بنا پر اپنے کو بچا سکتی ہے تو یہی چیزیں ہیں۔ لیکن یہ سب خیانت کے عذاب سے خوفزدہ ہو گئے اور اس نکتہ کو سمجھ لیا جس کو ان سے ضعیف تر انسان نے نہیں پہچانا کہ وہ اپنے نفس پر ظلم کرنے والا اور ناواقف تھا۔

پروردگار پر بندوں کے دن و رات کے اعمال میں سے کوئی شے مخفی نہیں ہے۔ وہ لطافت کی بنا پر خبر رکھتا ہے اور علم کے اعتبار سے احاطہ رکھتا ہے۔ تمہارے اعضاء ہی اس کے گواہ ہیں اور تمہارے ہاتھ پاؤں ہی اس کے لشکر ہیں۔ تمہارے ضمیر اس کے جاسوس ہیں اور تمہاری تنہائیاں بھی اس کی نگاہ کے سامنے ہیں۔

۲۰۰۔ آپ کا ارشاد گرامی

(معاویہ کے بارے میں)

خدا کی قسم معاویہ مجھ سے زیادہ ہوشیار نہیں ہے۔ لیکن کیا کروں کہ وہ مکر و فریب اور فسق و فجور بھی کر لیتا ہے اور اگر یہ چیز مجھے ناپسند نہ ہوتی تو مجھ سے زیادہ ہوشیار کوئی نہ ہوتا لیکن میرا نظریہ یہ ہے کہ ہر مکر و فریب گناہ ہے اور ہر گناہ پروردگار کے احکام کی نافرمانی ہے۔ ہر غدار کے ہاتھ میں قیامت کے دن ایک جھنڈا دے دیا جائے گا جس سے اسے عرصۂ محشر میں پہچان لیا جائے گا۔

خدا کی قسم مجھے نہ ان مکاریوں سے غفلت میں ڈالا جا سکتا ہے اور نہ ان سختیوں سے دبایا جا سکتا ہے۔

۲۰۱۔ آپ کا ارشاد گرامی

(جس میں واضح راستوں پر چلنے کی نصیحت فرمائی گئی ہے)

ایہا الناس! دیکھو ہدایت کے راستہ پر چلنے والوں کی قلت کی بنا پر چلنے سے مت گھبراؤ کہ لوگوں نے ایک ایسے دسترخوان پر اجتماع کر لیا ہے جس میں سیر ہونے کی مدت بہت کم ہے اور بھوک کی مدت بہت طویل ہے۔

لوگو! یاد رکھو کہ رضامندی اور ناراضگی ہی سارے انسانوں کو ایک نقطہ پر جمع کر دیتی ہے۔ ناقۂ صالح کے پیر ایک ہی انسان نے کاٹے تھے لیکن اللہ نے عذاب سب پر نازل کر دیا کہ باقی لوگ اس کے عمل سے راضی تھے اور فرمایا کہ ان لوگوں نے ناقہ کے پیر کاٹ ڈالے اور آخر میں ندامت کا شکار ہو گئے۔ ان کا عذاب یہ تھا کہ زمین جھٹکے سے گھر گھر ملنے لگی جس طرح کہ نرم زمین میں لوہے کی تپتی ہوئی بھالی چلائی جاتی ہے۔

لوگو! دیکھو جو روشن راستہ پر چلتا ہے وہ سرچشمہ تک پہونچ جاتا ہے اور جو اس کے خلاف کرتا ہے وہ گمراہی میں پڑ جاتا ہے۔

ل کھلی ہوئی بات ہے کہ جسے پروردگار نے نفس رسول قرار دیا ہو اور خود سرکار دو عالم نے باب مدینۂ علم قرار دیا ہو اس سے زیادہ ہوشیار، ہوشمند اور صاحب علم و ہنر کون ہو سکتا ہے۔ لیکن اس کے باوجود بعض نادان افراد کا خیال ہے کہ معاویہ زیادہ ہوشیار اور زیرک تھا اور اسی لئے اس کی سیاست زیادہ کامیاب تھی۔ حالانکہ اس کا راز ہوشیاری اور ہوشمندی نہیں ہے۔ بلکہ اس کا راز مکاری اور غداری ہے کہ معاویہ مقصد کے حصول کے لئے ہر وسیلہ کو جائز قرار دیتا تھا اور اس کا مقصد بھی صرف حصول اقتدار اور تخت حکومت تھا اور مولائے کائنات کی نگاہ میں نہ مقصد وسیلہ کے جواز کا ذریعہ تھا اور نہ آپ کا مقصد اقتدار دنیا کا حصول تھا۔ آپ کا مقصد دین خدا کا قیام تھا اور اس راہ میں انسان کو ہر قدم پھونک پھونک کر اٹھانا پڑتا ہے اور ہر سانس میں مرضی پروردگار کا خیال رکھنا پڑتا ہے۔

اَلْبَطْنِ، يَأْكُلُ مَا يَجِدُ، وَ يَطْلُبُ مَا لاَ يَجِدُ، فَاقْتُلُوهُ، وَلَنْ تَقْتُلُوهُ! أَلاَ وَإِنَّهُ سَيَأْمُرُكُمْ بِسَبِّي وَالْبَرَاءَةِ مِنِّي؛ فَأَمَّا السَّبُّ فَسُبُّونِي، فَإِنَّهُ لِي زَكَاةٌ، وَ لَكُمْ نَجَاةٌ؛ وَأَمَّا الْبَرَاءَةُ فَلاَ تَتَبَرَّأُوا مِنِّي؛ فَإِنِّي وُلِدْتُ عَلَى الْفِطْرَةِ، وَ سَبَقْتُ إِلَى الْإِيمَانِ وَالْهِجْرَةِ.

۵۸

و من كلام له (عليه السلام)

كلم به الخوارج حين اعتزلوا الحكومة و تنادوا: ان لا حكم إلا لله

أَصَابَكُمْ حَاصِبٌ، وَلاَ بَقِيَ مِنْكُمْ آثِرٌ (آبر). أَبَعْدَ إِيمَانِي بِاللهِ، وَ جِهَادِي مَعَ رَسُولِ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ، أَشْهَدُ عَلَى نَفْسِي بِالْكُفْرِ! «لَقَدْ ضَلَلْتُ إِذاً وَ مَا أَنَا مِنَ الْمُهْتَدِينَ»! فَأُوبُوا شَرَّ مَآبٍ، وَارْجِعُوا عَلَى أَثَرِ الْأَعْقَابِ. أَمَا إِنَّكُمْ سَتَلْقَوْنَ بَعْدِي ذُلاًّ شَامِلاً، وَ سَيْفاً قَاطِعاً وَأَثَرَةً يَتَّخِذُهَا الظَّالِمُونَ فِيكُمْ سُنَّةً.

قال الشريف: قوله (عليه السلام) «و لا بقي منكم آبر» يروى على ثلاثة أوجه:

أحدها أن يكون كما ذكرناه: «آبر» بالراء، من قولهم للذي يأبر النخل - أي يصلحه - ويروى «آثر» و هو الذي يأثر الحديث و يرويه أي يحكيه، و هو أصح الوجوه عندي، كأنه (عليه السلام) قال: لا بقي منكم مخبر! و يروى «آبز» - بالزاي المعجمة - و هو الواثب. و الهالك أيضاً يقال له: آبز.

۵۹

و قال (عليه السلام)

لما عزم على حرب الخوارج، و قيل له:

إن القوم عبروا جسر النهروان!

مَصَارِعُهُمْ دُونَ النُّطْفَةِ، وَاللهِ لاَ يُفْلِتُ مِنْهُمْ عَشَرَةٌ، وَلاَ يَهْلِكُ مِنْكُمْ عَشَرَةٌ.

قال الشريف: يعني بالنطفة ماء النهر، و هي أفصح كناية عن الماء و إن كان كثيراً جماً. و قد أشرنا إلى ذلك فيما تقدم عند مضي ما أشبهه.

سندحق - جس کا پیٹ بڑا ہوا
حاصب - تیز آندھی
آثر - داستان کا بیان کرنے والا
اوبوا شر مآب - بدترین واپسی کے ساتھ پلٹ جاؤ
اثرۃ - سرکاری فوائد کو مخصوص کر لینا

(۱) بعض بنی امیہ کے ہوا خواہوں نے اس بیان کا رُخ زیاد، حجاج اور مغیرہ بن شعبہ کی طرف موڑنا چاہا ہے حالانکہ اس کے خصوصیات بتا رہے ہیں کہ اس سے مراد معاویہ ہے اسی کا حلیہ بیان کیا گیا ہے اور اسی کو پیٹ نہ بھرنے کی سرکار نے بددعا دی تھی اور اسی نے آپ پر لعنت کا حکم دیا تھا ورنہ اس کے علاوہ کسی نے اس جسارت کی ہمت نہیں کی ہے۔
معاویہ کے قتل کا حکم بھی سرکار دوعالم ہی نے دیا تھا جب فرمایا تھا کہ جب بھی وہ منبر پر نظر آئے اسے قتل کر دینا۔ میزان الاعتدال تہذیب التہذیب - مگر افسوس کہ مسلمانوں نے مادی مصالح کے پیچھے سرکار کے کسی ارشاد کا کوئی احترام نہیں کیا۔

(۲) واضح رہے کہ اس برائت سے مراد قلبی بیزاری ہے ورنہ لفظ بیزاری کا اعلان اسی طرح جائز ہے جس طرح کہ سب و شتم کے الفاظ کا استعمال ہے اور اس کی ایک دلیل یہ بھی ہے کہ حضرت نے فطرت اسلام پر پیدائش کا حوالہ دیا ہے اور کھلی ہوئی بات ہے کہ فطرت اسلام برائت واقعی سے روک سکتی ہے کہ اس طرح انسان اسلام سے بیزار ہو جائے گا ورنہ لفظ بیزاری کے استعمال میں اسلام پر کوئی اثر نہیں پڑتا ہے۔

مصادر خطبہ ۵۷ - تاریخ طبری، الامامۃ والسیاسۃ ۱ ص ۱۴۳، تذکرۃ الخواص ص ۱۱۵، المسترشد طبری امامی ص ۱۶۲، نہایۃ ابن اثیر کلمۃ آبر، انساب بلاذری ۲ ص ۳۶۹، کامل ۲ ص ۱۴۱

مصادر خطبہ ۵۹ - محاسن بیہقی ۱ ص ۳۱۵، مروج الذہب ۲ ص ۲۱۶، کامل مبرد ۲ ص ۱۳۰، کتاب الخوارج مدائنی، ارشاد مفید ص ۱۵۱

سید رضیؒ۔ آپ کا ارشاد گرامی "فاطاً ذکرہ" وہ کلام ہے جس میں ایجاز و فصاحت کی آخری حدوں کو پیش کر دیا گیا ہے اور جس کا مقصد یہ ہے کہ میرے پاس مسلسل سرکار کی خبریں پہونچ رہی تھیں اور میں انھیں خطوط پر آگے بڑھ رہا تھا۔ یہاں تک کہ مقام عروج پر پہونچ گیا۔

۲۳۷۔ آپ کے خطبہ کا ایک حصہ
(عمل میں تیز رفتاری کی دعوت دیتے ہوئے)

تم لوگ ابھی عمل کرو جب کہ بقا کی وسعت حاصل ہے اور نامۂ اعمال کھلے ہوئے ہیں۔ توبہ کا دامن پھیلا ہوا ہے اور انحراف کرنے والوں کو برابر دعوت دی جارہی ہے اور بدعمل افراد کو مہلت دی جارہی ہے ــــ قبل اس کے کہ شعلۂ عمل بجھ جائے اور مہلت کی مدت ختم ہوجائے اور مدت عمل تمام ہوجائے۔ توبہ کا دروازہ بند ہوجائے اور ملائکہ آسمان کی طرف صعود کر جائیں۔

ہر شخص کو چاہئے کہ اپنے نفس سے اپنے نفس کا انتظام کرے۔ زندہ سے مُردہ کے لئے اور فانی سے باقی کے لئے اور جانے والے سے رہ جانے والے کے لئے لے لے۔

جب تک موت تک کی زندگی مل رہی ہے اور عمل کی مہلت ملی ہوئی ہے خدا کا خوف پیدا کرے۔

اپنے نفس کو لگام لگائے اور اسے زمام دے کر معاصی خدا سے روک دے اور کھینچ کر اطاعت الٰہی تک لے آئے۔[۱]

۲۳۸۔ آپ کا ارشاد گرامی
(حکمین کے حالات اور اہل شام کی مذمت کے بارے میں)

یہ چند تند خو اور بدسرشت افراد ہیں اور غلامانہ ذہنیت کے بدقماش ہیں جنھیں ہر طرف سے جمع کر لیا گیا ہے اور ہر مخلوط نسب سے چن لیا گیا ہے۔ یہ لوگ اس قابل تھے کہ انھیں مذہب سکھایا جائے، مودب بنایا جائے۔ تعلیم دی جائے اور تربیت یافتہ بنایا جائے۔ ان پر لوگوں کو حاکم بنایا جائے اور ان کا ہاتھ پکڑ کر چلایا جائے۔ یہ نہ مہاجرین میں تھے نہ انصار میں اور نہ ان لوگوں میں جنھوں نے مدینہ میں یا ایمان میں اپنی جگہ بنائی تھی۔

یاد رکھو کہ قوم نے اپنے لئے ان لوگوں کو منتخب کیا ہے جو ان کی پسند سے قریب تھے اور تم نے اپنے لئے ان افراد کا انتخاب کیا ہے جو تمھاری ناپسندیدگی سے قریب تھے۔ ابھی تمھارا اور عبداللہ بن قیس کا زمانہ کل ہی کا ہے جب وہ یہ کہہ رہا تھا

---

[۱] معاویہ کے لشکر اور امیرالمومنینؑ کے سپاہیوں کا ایک نمایاں بنیادی فرق یہ تھا کہ معاویہ کے لشکر میں تمام کے تمام افراد بدسرشت۔ بدنسل۔ بدکردار اور بے ایمان تھے۔ نہ ایک مہاجر نہ ایک ناصر ــ اور نہ ایک معروف ایمان و کردار والا ــ اور اس کے برخلاف امیرالمومنینؑ کے سپاہیوں میں ۲۸۰۰ مہاجرین اور انصار تھے اور ان میں سے ۸۰ تو وہ افراد تھے جو جنگ بدر میں شرکت کر چکے تھے اور جن کے ایمان کی شہادت دی جا چکی تھی اور ان سب سے بالاتر عمار یاسر جیسا صحابی موجود تھا جس کے قاتل کو سرکارؐ نے باغی قرار دیا تھا اور اویس قرنی جیسا جاں نثار موجود تھا جس کے علاقہ سے ایمان کی خوشبو آتی تھی۔

ایسے واضح حالات کے بعد بھی انسان نفسِ رسولؐ کو چھوڑ کر بنی امیہ کے بدسرشت انسان کا اتباع کرے تو اس کا انجام جہنم کے علاوہ کیا ہوسکتا ہے اور اسے کس رخ سے مسلمان یا مومن کہا جا سکتا ہے۔

۴۰۵۔ آپ نے دیکھا کہ عمار یاسر مغیرہ بن شعبہ سے بحث کر رہے ہیں تو فرمایا عمار! اسے اس کے حال پر چھوڑ دو۔ اس نے دین میں سے اتنا ہی حصہ لیا ہے جو اسے دنیا سے قریب تر بنا سکے اور جان بوجھ کر اپنے لئے امور کو مشتبہ بنا لیا ہے تاکہ انھیں شبہات کو اپنی لغزشوں کا بہانہ قرار دے سکے۔[1]

۴۰۶۔ کس قدر اچھی بات ہے کہ مالدار لوگ اجر الٰہی کی خاطر فقیروں کے ساتھ تواضع سے پیش آئیں لیکن اس سے اچھی بات یہ ہے کہ فقراء خدا پر بھروسہ کر کے دولتمندوں کے ساتھ تمکنت[2] سے پیش آئیں۔

۴۰۷۔ پروردگار کسی شخص کو عقل عنایت نہیں کرتا ہے مگر یہ کہ ایک دن اسی کے ذریعہ اسے ہلاکت سے نکال لیتا ہے۔

۴۰۸۔ جو حق سے ٹکرائے گا حق بہر حال اسے پچھاڑ دے گا۔

۴۰۹۔ دل آنکھوں کا صحیفہ ہے۔

۴۱۰۔ تقویٰ تمام اخلاقیات کا راس و رئیس ہے۔

۴۱۱۔ اپنی زبان کی تیزی اس کے خلاف استعمال نہ کرو جس نے تمھیں بولنا سکھایا ہے اور اپنے کلام کی فصاحت کا مظاہرہ اس پر نہ کرو جس نے راستہ دکھایا ہے۔

۴۱۲۔ اپنے نفس کی تربیت کے لئے یہی کافی ہے کہ ان چیزوں سے اجتناب کرو جنھیں دوسروں کے لئے برا سمجھتے ہو۔

۴۱۳۔ انسان جوانمردوں کی طرح صبر کرے گا ورنہ سادہ لوحوں کی طرح چپ ہو جائے گا۔

[1] ابن ابی الحدید نے مغیرہ کے اسلام کی یہ تاریخ نقل کی ہے کہ یہ شخص ایک قافلہ کے ساتھ سفر میں جا رہا تھا۔ ایک مقام پر سب کو شراب پلا کر بیہوش کر دیا اور پھر قتل کر کے سارا سامان لوٹ لیا۔ اس کے بعد جب یہ خطرہ پیدا ہوا کہ ورثہ انتقام لیں گے اور جان کا بچانا مشکل ہو جائے گا تو بھاگ کر مدینہ آ گیا اور فوراً اسلام قبول کر لیا کہ اس طرح جان بچانے کا ایک راستہ نکل آئے گا۔

یہ شخص اسلام و ایمان دونوں سے بے بہرہ تھا۔ اسلام جان بچانے کے لئے اختیار کیا تھا اور ایمان کا یہ عالم تھا کہ برسر منبر "کل ایمان" کو گالیاں دیا کرتا تھا اور اسی بدترین کردار کے ساتھ دنیا سے رخصت ہو گیا جو ہر دشمن علیؑ کا آخری انجام ہوتا ہے۔

[2] تکبر اور تمکنت کوئی اچھی چیز نہیں ہے لیکن جہاں تواضع اور خاکساری میں فتنہ و فساد پایا جاتا ہو وہاں تکبر اور تمکنت کا اظہار بیحد ضروری ہو جاتا ہے۔ فقراء کے تکبر کا مقصد یہ نہیں ہے کہ خواہ مخواہ اپنی بڑائی کا اظہار کریں اور بے بنیاد تمکنت کا سہارا لیں۔ بلکہ اس کا مقصد یہ ہے کہ اغنیاء کے بجائے پروردگار پر بھروسہ کریں اور اسی کے بھروسہ پر اپنی بے نیازی کا اظہار کریں تاکہ ایمان و عقیدہ میں استحکام پیدا ہو اور اغنیاء بھی تواضع اور انکسار پر مجبور ہو جائیں اور اس تواضع سے انھیں بھی کچھ اجر و ثواب حاصل ہو جائے۔

يَمْنَعُونَ، حَيٌّ لَا يَمُوتُ

إِنَّكَ مَتَىٰ تَسِرْ إِلَىٰ هٰذَا ٱلْعَدُوِّ بِنَفْسِكَ، فَتَلْقَهُمْ فَتُنْكَبْ، لَا تَكُنْ لِلْمُسْلِمِينَ كَانِفَةٌ دُونَ أَقْصَىٰ بِلَادِهِمْ لَيْسَ بَعْدَكَ مَرْجِعٌ يَرْجِعُونَ إِلَيْهِ. فَٱبْعَثْ إِلَيْهِمْ رَجُلاً مِحْرَباً، وَ ٱحْفِزْ مَعَهُ أَهْلَ ٱلْبَلَاءِ وَ ٱلنَّصِيحَةِ، فَإِنْ أَظْهَرَ ٱللهُ فَذَاكَ مَا تُحِبُّ، وَ إِنْ تَكُنِ ٱلْأُخْرَىٰ، كُنْتَ رِدْأً لِلنَّاسِ وَ مَثَابَةً لِلْمُسْلِمِينَ

١٣٥

و من كلام له ﴿عليه السلام﴾

و قد وقعت مشاجرة بينه وبين عثمان فقال المغيرة بن الأخنس[١] لعثمان: أنا أكفيكه، فقال علي ﴿عليه السلام﴾ للمغيرة:

يَا ٱبْنَ ٱللَّعِينِ ٱلْأَبْتَرِ، وَ ٱلشَّجَرَةِ ٱلَّتِي لَا أَصْلَ لَهَا وَ لَا فَرْعَ، أَنْتَ تَكْفِينِي؟ فَوَاللهِ مَا أَعَزَّ ٱللهُ مَنْ أَنْتَ نَاصِرُهُ، وَ لَا قَامَ مَنْ أَنْتَ مُنْهِضُهُ. ٱخْرُجْ عَنَّا أَبْعَدَ ٱللهُ نَوَاكَ، ثُمَّ ٱبْلُغْ جَهْدَكَ، فَلَا أَبْقَىٰ ٱللهُ عَلَيْكَ إِنْ أَبْقَيْتَ!

١٣٦

و من كلام له ﴿عليه السلام﴾

في أمر البيعة

لَمْ تَكُنْ بَيْعَتُكُمْ إِيَّايَ فَلْتَةً[٢]، وَ لَيْسَ أَمْرِي وَ أَمْرُكُمْ وَاحِداً. إِنِّي أُرِيدُكُمْ لِلّٰهِ وَ أَنْتُمْ تُرِيدُونَنِي لِأَنْفُسِكُمْ

أَيُّهَا ٱلنَّاسُ، أَعِينُونِي عَلَىٰ أَنْفُسِكُمْ، وَ ٱيْمُ ٱللهِ لَأُنْصِفَنَّ ٱلْمَظْلُومَ مِنْ ظَالِمِهِ، وَ لَأَقُودَنَّ ٱلظَّالِمَ بِخِزَامَتِهِ، حَتَّىٰ أُورِدَهُ مَنْهَلَ ٱلْحَقِّ وَ إِنْ كَانَ كَارِهاً

١٣٧

و من كلام له ﴿عليه السلام﴾

في شأن طلحة و الزبير و في البيعة له

كانفہ - پناہ گاہ
حفز - تیزی سے ہنکانا
اہل البلاء - ماہرین جنگ
ردء - ملجاء
مثابہ - مرجع
ابتر - جس کی کوئی نسل نہ ہو
نویٰ - دور - گھر
فلتہ - بے سوچے سمجھے کام کرنا
خزامہ - نکیل

(١) مغیرہ کا باپ اخنس مشہور ترین منافقین میں تھا جس نے فتح مکہ کے موقع پر جبراً اسلام قبول کر لیا تھا ورنہ اس کا دوسرا بیٹا احد میں صاف صاف اسلام سے برسرپیکار تھا اور امیرالمومنینؑ کی تلوار سے قتل بھی ہوا تھا جس کے نتیجہ میں مغیرہ کو دونوں طرف سے آپ سے عداوت ہوگئی - بھائی کا قتل بھی سبب بنا اور باپ کا نفاق بھی
مغیرہ کا تعلق قبیلہ ثقیف سے تھا جسے بروایتے سرکار دو عالمؐ نے ملعون قرار دیا ہے جب تک اس میں کسی کی شرافت کردار ثابت نہ ہو جائے -
امیرالمومنینؑ نے انھیں خصوصیات کا لحاظ کرکے اسے ملعون بھی قرار دیا اور اس کے باپ کو ابتر بھی کہ ایسی نسل کا ہونا نہ ہونے کے برابر ہے اور ایسی اصل کا وجود اس کے عدم کے مساوی ہے بلکہ اس سے بھی بدتر ہے!

(٢) یہ حضرت عمر کے اس قول کی طرف اشارہ ہے کہ ابوبکر کی بیعت ایک ناگہانی حادثہ تھی جس کے شر سے خدا نے بچا لیا لیکن اب کوئی اس طرح کی بیعت کرے گا تو واجب القتل ہو جائے گا

مصادر خطبہ ۱۳۵ الفتوح احمد بن اعثم کوفی ۲ ص ۱۶۵
مصادر خطبہ ۱۳۶ ارشاد مفیدؒ ص ۱۳۲، نہایۃ ابن اثیر ۳ ص ۴۶۷
مصادر خطبہ ۱۳۷ الاستیعاب ابن عبدالبر ۲ ص ۲۱۱، اسد الغابہ ص ۶۱، کتاب الجمل مفیدؒ ص ۱۳۳، نہایۃ ابن اثیر ۳ ص ۳۱۵، الامامۃ والسیاسۃ، الغارات ابن ہلال ثقفی - المسترشد طبری ص ۹۵، کشف المحجۃ السید ابن طاؤسؒ ص ۱۷۳، جمہرۃ رسائل العرب احمد زکی صفوت، تاریخ طبری ۶ ص ۳۴۳، ارشاد مفیدؒ ص ۱۱۸، العقد الفرید ۲ ص ۱۳۵

اللَّهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ وَسَلَّمَ - مَنْ كَانَ يَسْأَلُهُ وَيَسْتَفْهِمُهُ، حَتَّىٰ إِنْ كَانُوا لَيُحِبُّونَ أَنْ يَجِيءَ الْأَعْرَابِيُّ وَالطَّارِئُ، فَيَسْأَلَهُ عَلَيْهِ السَّلَامُ حَتَّىٰ يَسْتَمِعُوا، وَكَانَ لَا يَمُرُّ بِي مِنْ ذَٰلِكَ شَيْءٌ إِلَّا سَأَلْتُهُ عَنْهُ وَحَفِظْتُهُ. فَهَٰذِهِ وُجُوهُ مَا عَلَيْهِ النَّاسُ فِي اخْتِلَافِهِمْ، وَعِلَلِهِمْ فِي رِوَايَاتِهِمْ.

۲۱۱

و من خطبة له (ع)

في عجيب صنعة الكون

وَكَانَ مِنِ اقْتِدَارِ جَبَرُوتِهِ، وَبَدِيعِ لَطَائِفِ صَنْعَتِهِ، أَنْ جَعَلَ مِنْ مَاءِ الْبَحْرِ (اليم) الزَّاخِرِ الْمُتَرَاكِمِ الْمُتَقَاصِفِ، يَبَساً جَامِداً، ثُمَّ فَطَرَ مِنْهُ أَطْبَاقاً، فَفَتَقَهَا سَبْعَ سَمَاوَاتٍ بَعْدَ ارْتِتَاقِهَا، فَاسْتَمْسَكَتْ بِأَمْرِهِ، وَقَامَتْ عَلَىٰ حَدِّهِ، وَأَرْسَىٰ أَرْضاً يَحْمِلُهَا الْأَخْضَرُ الْمُثْعَنْجِرُ، وَالْقَمْقَامُ الْمُسَخَّرُ (المسجر)، قَدْ ذَلَّ لِأَمْرِهِ، وَأَذْعَنَ لِهَيْبَتِهِ، وَوَقَفَ الْجَارِي مِنْهُ لِخَشْيَتِهِ. وَجَبَلَ جَلَامِيدَهَا، وَنُشُوزَ مُتُونِهَا وَأَطْوَادِهَا، فَأَرْسَاهَا فِي مَرَاسِيهَا، وَأَلْزَمَهَا قَرَارَاتِهَا، فَمَضَتْ رُؤُوسُهَا فِي الْهَوَاءِ، وَرَسَتْ أُصُولُهَا فِي الْمَاءِ، فَأَنْهَدَ جِبَالَهَا عَنْ سُهُولِهَا، وَأَسَاخَ قَوَاعِدَهَا فِي مُتُونِ أَقْطَارِهَا، وَمَوَاضِعِ أَنْصَابِهَا، فَأَشْهَقَ قِلَالَهَا، وَأَطَالَ أَنْشَازَهَا، وَجَعَلَهَا لِلْأَرْضِ عِمَاداً، وَأَرَّزَهَا فِيهَا أَوْتَاداً. فَسَكَنَتْ عَلَىٰ حَرَكَتِهَا مِنْ أَنْ تَمِيدَ بِأَهْلِهَا، أَوْ تَسِيخَ بِحِمْلِهَا، أَوْ تَزُولَ عَنْ مَوَاضِعِهَا. فَسُبْحَانَ مَنْ أَمْسَكَهَا بَعْدَ مَوَجَانِ مِيَاهِهَا، وَأَجْمَدَهَا بَعْدَ رُطُوبَةِ أَكْنَافِهَا، فَجَعَلَهَا لِخَلْقِهِ مِهَاداً، وَبَسَطَهَا لَهُمْ فِرَاشاً! فَوْقَ بَحْرٍ لُجِّيٍّ رَاكِدٍ لَا يَجْرِي، وَقَائِمٍ لَا يَسْرِي، تُكَرْكِرُهُ الرِّيَاحُ الْعَوَاصِفُ، وَتَمْخُضُهُ الْغَمَامُ الذَّوَارِفُ؛ ﴿إِنَّ فِي ذَٰلِكَ لَعِبْرَةً لِمَنْ يَخْشَىٰ﴾.

زاخر - بھرا ہوا
تقاصف - موجوں کا تہ و بالا ہونا
یبس - خشک
فطر - پیدا کیا
اطباق - طبقات
رتق - جوڑنا
متعنجر - بے حساب پانی
قمقام - سمندر
نشوز - بلندی
انہد - بلند کر دیا
اساخ - داخل کر دیا
انصاب - جمع نصب - سیدھا
اشہق - بلند تر بنا دیا
قلال - جمع قلہ - بلند کوہ
ارزہا - ثابت کر دیا
تمید - ادھر ادھر ہو جائے
اکناف - اطراف
مہاد - فرش
تکرکرہ - حرکت دیتی ہیں
ذوارف - بہانے والا

(۱) کس قدر حیرت انگیز صورت حال ہے کہ صحابہ کرام دن رات سرکار دو عالم کی خدمت میں رہیں اور ایک مسئلہ دریافت کرنے کی توفیق نہ ہو اور اس موقع کے منتظر رہیں جب کوئی باہر والا آکر مسئلہ دریافت کرے تو اور وہ بھی اس سے باخبر ہو جائیں ایسی صحابیت سے تو دیہاتیت ہی بہتر ہے کہ اس میں تحصیل علم دین کا جذبہ تو پایا جاتا ہے

اس لئے کہ میں ذاتی طور پر اپنے کو غلطی سے بالاتر نہیں تصور کرتا ہوں[1] اور نہ اپنے افعال کو اس خطرہ سے محفوظ سمجھتا ہوں مگر یہ کہ میرا پروردگار میرے نفس کو بچالے کہ وہ اس کا مجھ سے زیادہ صاحب اختیار ہے۔

دیکھو ہم سب ایک خدا کے بندے اور اس کے مملوک ہیں اور اس کے علاوہ کوئی دوسرا خدا نہیں ہے۔ وہ ہمارے نفوس کا اتنا اختیار رکھتا ہے جتنا خود ہمیں بھی حاصل نہیں ہے اور اسی نے ہمیں سابقہ حالات سے نکال کر اس اصلاح کے راستہ پر لگایا ہے کہ اب گمراہی ہدایت میں تبدیل ہوگئی ہے اور اندھے پن کے بعد بصیرت حاصل ہوگئی ہے۔

۲۱۷۔ آپ کا ارشاد گرامی

(قریش سے شکایت اور فریاد کرتے ہوئے)

خدایا! میں قریش سے اور ان کے مددگاروں سے تیری مدد چاہتا ہوں کہ ان لوگوں نے میری قرابت داری کا خیال نہیں کیا اور میرے ظرف عظمت کو الٹ دیا ہے اور مجھ سے اس حق کے بارے میں جھگڑا کرنے پر اتحاد کر لیا ہے جس کا میں سب سے زیادہ حقدار تھا اور پھر یہ کہنے لگے ہیں کہ آپ اس حق کو لے لیں تو یہ بھی صحیح ہے اور آپ کو اس سے روک دیا جائے تو یہ بھی صحیح ہے۔ اب چاہیں ہم و غم کے ساتھ صبر کریں یا رنج و الم کے ساتھ مر جائیں۔

ایسے حالات میں میں نے دیکھا کہ میرے پاس نہ کوئی مددگار ہے اور نہ دفاع کرنے والا سوائے میرے گھر والوں کے تو میں نے انھیں موت کے منھ میں دینے سے گریز کیا اور بالآخر آنکھوں میں خس و خاشاک کے ہوتے ہوئے چشم پوشی کی اور گلے میں پھندہ کے ہوتے ہوئے لعاب دہن نگل لیا اور غصہ کو پینے میں خنظل سے زیادہ تلخ ذائقہ پر صبر کیا اور چھریوں کے زخموں سے زیادہ تکلیف دہ حالات پر خاموشی اختیار کرلی۔

(سید رضیؒ۔ گذشتہ خطبہ میں یہ مضمون گذر چکا ہے لیکن روایتیں مختلف تھیں لہٰذا میں نے دوبارہ اسے نقل کر دیا)

۲۱۸۔ آپ کا ارشاد گرامی

(بصرہ کی طرف آپ سے جنگ کرنے کے لئے جانے والوں کے بارے میں)

یہ لوگ میرے عاملوں۔ میرے زیر دست بیت المال کے خزانہ داروں اور تمام اہل شہر جو میری اطاعت و بیعت میں تھے سب کی طرف وارد ہوئے۔ ان کے کلمات میں افتراق پیدا کیا۔ ان کے اجتماع کو برباد کیا اور میرے چاہنے والوں پر حملہ کر دیا اور ان میں سے ایک جماعت کو دھوکہ سے قتل بھی کر دیا لیکن دوسری جماعت نے تلواریں اٹھا کر دانت بھینچ لئے اور باقاعدہ مقابلہ کیا یہاں تک کہ حق و صداقت کے ساتھ خدا کی بارگاہ میں حاضر ہوگئے۔

[1] حیرت انگیز بات ہے کہ مسلمان ابھی تک ان دو گروہوں کے بارے میں حق و باطل کا فیصلہ نہیں کر سکا ہے جن میں ایک طرف نفس رسولؐ علی بن ابیطالبؑ جیسا انسان تھا جو اپنی تعریف کو بھی گوارا نہیں کرتا تھا اور ہر لمحہ عظمت خالق کے پیش نظر اپنے اعمال کو حقیر و معمولی ہی تصور کرتا تھا اور ایک طرف طلحہ و زبیر جیسے وہ دنیا پرست تھے جن کا کام فتنہ پردازی۔ شر انگیزی۔ تفرقہ اندازی اور قتل و غارت کے علاوہ کچھ نہ تھا اور جو دولت و اقتدار کی خاطر دنیا کی ہر برائی کر سکتے تھے اور ہر جرم کا ارتکاب کر سکتے تھے۔

۸

و من كلام له (عليه السلام)

يعني به الزبير [۱] في حال اقتضت ذلک و يدعوه للدخول في البيعة ثانية

يَزْعُمُ أَنَّهُ قَدْ بَايَعَ بِيَدِهِ، وَ لَمْ يُبَايِعْ بِقَلْبِهِ، فَقَدْ أَقَرَّ بِالْبَيْعَةِ، وَ ادَّعَى الْوَلِيجَةَ، فَلْيَأْتِ عَلَيْهَا بِأَمْرٍ يُعْرَفُ، وَإِلَّا فَلْيَدْخُلْ فِيمَا خَرَجَ مِنْهُ.

۹

و من كلام له (عليه السلام)

في صفته و صفة خصومه و يقال إنها في اصحاب الجمل

وَ قَدْ أَرْعَدُوا وَ أَبْرَقُوا، وَ مَعَ هٰذَيْنِ الْأَمْرَيْنِ الْفَشَلُ؛ وَ لَسْنَا نُرْعِدُ حَتَّى نُوقِعَ، وَ لَا نُسِيلُ حَتَّى نُمْطِرَ.

۱۰

و من خطبة له (عليه السلام)

يريد الشيطان او يكني به عن قوم

أَلَا وَ إِنَّ الشَّيْطَانَ قَدْ جَمَعَ حِزْبَهُ، وَ اسْتَجْلَبَ خَيْلَهُ وَ رَجِلَهُ، وَ إِنَّ مَعِي لَبَصِيرَتِي: مَا لَبَّسْتُ عَلَى نَفْسِي، وَلَا لُبِّسَ عَلَيَّ. وَ ايْمُ اللّٰهِ لَأُفْرِطَنَّ لَهُمْ حَوْضاً أَنَا مَاتِحُهُ! لَا يَصْدُرُونَ عَنْهُ، وَلَا يَعُودُونَ إِلَيْهِ [۲]

۱۱

و من كلام له (عليه السلام)

لابنه محمد بن الحنفية [۳] لما أعطاه الراية يوم الجمل

تَزُولُ الْجِبَالُ وَلَا تَزُلْ! عَضَّ عَلَى نَاجِذِكَ. أَعِرِ اللّٰهَ جُمْجُمَتَكَ. تِدْ فِي الْأَرْضِ قَدَمَكَ. ارْمِ بِبَصَرِكَ أَقْصَى الْقَوْمِ، وَ غُضَّ بَصَرَكَ، وَ اعْلَمْ أَنَّ النَّصْرَ مِنْ عِنْدِ اللّٰهِ سُبْحَانَهُ.

---

(۱) دنیا کے چند ایک انتہائی افسوسناک اور شرمناک کرداروں میں سے ایک زبیر کا کردار بھی ہے جس نے رسول اکرمؐ کے بعد بیعت ابوبکر سے انکار کر کے امیرالمومنینؑ کا مکمل طور پر ساتھ دیا اور حکومت وقت سے بظاہر مقابلہ بھی کیا۔ لیکن جیسے ہی خلیفہ دوم نے شوریٰ کے افراد میں اس کا نام لے لیا اسے یہ خوش فہمی پیدا ہو گئی کہ میں خود بھی خلافت کے قابل ہوں لہٰذا دوسرے کی حمایت کرنے کی کیا ضرورت ہے اور حضرت علیؑ سے الگ ہونے کے راستے تلاش کرنے لگا۔ ادھر حضرت عائشہ نے بھی نگاہ کرم ڈال دی اور مزید حوصلہ افزائی فرما دی جس کے بعد بغاوت کا اظہار بھی ضروری ہو گیا لیکن اس قدر جھوٹ بولنے کی ہمت نہیں تھی کہ میں نے کبھی بیعت نہیں کی ہے اسی لئے جھوٹ کے بجائے منافقت کا سہارا لیا اور منافقت کا انجام بہرحال برا ہوتا ہے چنانچہ ایسا ہی ہوا اور حضرت نے فرمایا کہ بیعت ثابت ہے اور دل سے بیعت نہ کرنے کا ثبوت درکار ہے اور چونکہ دل کے معاملات کا اثبات ناممکن ہے لہٰذا بیعت میں واپس آجانا ہی ضروری ہے۔

زبیر کے بیان سے اتنا ضرور واضح ہو گیا کہ اس قوم کے دل و زبان کی دنیا الگ الگ ہے تو کیا بھروسہ ہے کہ اس کا اسلام بھی خیالی زبانی ہو اور دل نے ساتھ نہ دیا ہو جس کے قرائن تاریخ میں بکثرت پائے جاتے ہیں۔

(۲) حقیقت امر یہ ہے کہ میدان جہاد حضرت علیؑ کا میدان ہے اور اس میدان میں آپ کے سامنے کوئی دشمن دین و مذہب نہیں ٹھہر سکتا ہے اور کبھی اس طرف آ گیا تو بچ کر جا نہیں سکتا ہے جو بعض دشمنان اسلام کا حشر ہوا یا دوبارہ آنے کا ارادہ نہیں کر سکتا ہے جو لشکر معاویہ کے بے غیرت افراد کا انجام ہوا جنھوں نے جان بچانے کے لئے ناقابل ذکر وسائل استعمال کئے اور پھر دوبارہ علیؑ کے مقابلہ میں آنے کا ارادہ نہیں کیا۔

(۳) محمد حنفیہ مولائے کائنات کے فرزند تھے۔ ان کی والدہ کا نام خولہ بنت جعفر تھا جو قبیلہ بنی حنیفہ سے تھیں اور گرفتار ہو کر آئی تھیں اور آپ نے انھیں آزاد کر کے ان سے عقد فرمایا تو محمد انھیں کی نسبت سے مشہور ہو گئے تھے۔

انتہائی بہادر اور فدائے اسلام شجاع تھے۔ کبھی اپنی امامت کا تصور بھی نہیں کیا اور واقعہ کربلا کے بعد امام زین العابدینؑ کے ساتھ حجر اسود کے پاس آکر ان کی امامت کا اعلان کر دیا تھا۔ جناب مختار کو انتقام کربلا کی اجازت ضرور دی تھی لیکن یہ بربنائے امامت نہیں تھا بلکہ امام سجادؑ کی مجبوری کی بنا پر تھا کہ وہ مسلح اقدام کی حمایت نہیں کر سکتے تھے۔ امیرالمومنینؑ انھیں اپنے دست شجاعت سے تعبیر فرماتے تھے جس کے ذریعہ آنکھوں (امام حسنؑ و امام حسینؑ) کا تحفظ کیا جاتا ہے۔

مصادر خطبہ ۸ الجمل شیخ مفیدؒ ص۱۶۵، الجمل واقدی

مصادر خطبہ ۱۰ ارشاد مفیدؒ ص۱۱۹

مصادر ۹ الجمل واقدی - الجمل مفیدؒ ص۱۶۶، فتوح ابن اعثم

مصادر ۱۱ نزہۃ الابصار المطابری - ربیع الابرار زمخشری جزء چہارم باب القتال

قتل عثمان اور عبداللہ ابن سبا

حضرت عثمان نے جو بویا تھا وہ کاٹا، ان کے قتل کے اسباب نمایاں ہیں۔ مورخین نے بہت تفصیل سے انہیں بیان کیا ہے۔ خلافت عثمانی کے صوبوں کے حالات اور ان پر مسلط اموی گورنر اور ان کا فسق و فجور، ظلم و زیادتیاں، ان کے خلاف عوامی ردِعمل انقلابی تحریک کے رہنماؤں کا تذکرہ، ان کی جلاوطنی کے حالات۔ عمار یاسرؓ۔ ابوذرؓ غفاری اور عبداللہ بن مسعود جیسے نامی گرامی صحابہ کرام کا اموی گورنروں اور خلیفہء وقت کے خلاف آواز بلند کرنا اور پھر ان پر خلیفہ کا تشدد...... یہ سب باتیں پڑھنے کے بعد حضرت عثمان کے خلاف ہونے والے واقعات اور ان کے قتل کے بارے میں عبداللہ ابن سبا کے افسانہ پر کیسے یقین آسکتا ہے۔ یہ وہ افسانہ ہے کہ جس کی بنیاد طبری کی چند بے ربط روایات پر رکھی گئی ہے۔ ہم یہ تمام روایات درج کئے دیتے ہیں تاکہ صحیح صورتِ حال سمجھنے میں آسانی ہو۔ روایات یہ۔

۳۰ھ کے واقعات

(۱) حضرت معاویہ کے حامی بر روایت سیف بیان کرتے ہیں کہ جب ابن السودا (ابن سبا) شام آیا تو وہ حضرت ابوذرؓ سے ملا اور کہا "اے ابوذرؓ! کیا تمہیں معاویہ کے اس قول پر تعجب نہیں کہ وہ کہتے ہیں۔ بیت المال اللہ کا مال ہے" جب کہ ہر چیز اللہ کی ہے۔ ایسا اندیشہ ہے کہ کہیں وہ مسلمانوں کو چھوڑ کر تمام مال اپنے لئے مخصوص نہ کرلیں اور مسلمانوں کا نام تک مٹا ڈالیں"۔

ابن السودا پھر حضرت ابوالدرداؓ کے پاس آیا تو وہ کہنے لگے "تم کون ہو؟ بخدا میرے خیال میں تم یہودی ہو" پھر وہ عبادہ بن الصامت کے پاس گیا وہ اسے

بنت کریز تھی اور یہ وہی ولید ہے کہ جو عثمان کے دور میں کوفہ کا گورنر تھا جسے فاسق قرار دیا گیا۔

ایک روایت مسعودی نے لکھی ہے۔

"قال عقیل بن ابی طالب للولید (اخی عثمان من اُمّہ) کانک لا تدری انت و انت علج من اھل صفوریہ وھی قریۃ بین عکا ولجون من اعمال الاردن من بلاد طبریہ کان ذکوانَ اباہ کان یہودیا منہا (مروج الذہب ج دو ۳۴۵)

"عقیل بن ابی طالب نے ولید (عثمان کے بھائی) سے کہا: تو دوسروں کو کیا کہتا ہے، اپنے آپ پر نظر نہیں ڈالتا کہ تو خود کیا ہے، تو اہلِ صفوریہ (عکا دالجوف کے درمیان ایک گاؤں کا نام جو طبریہ میں اردن کا علاقہ ہے جہاں ولید کے یہودی آبا و اجداد رہتے تھے) کا لاڈو گدھا ہے۔" (مروج الذہب حصہ دوم، اردو ایڈیشن ص ۲۶۲)

اسی طرح کی ایک روایت مقتلِ حسینؑ میں ہے کہ حضرت امام حسنؑ نے ایک موقع پر ولید بن عقبہ سے فرمایا:

انما انت علج من اھل صفوریہ واقسم باللہ لا اکبر انک من ابیک الذی تدعی لہ

یعنی تو ایک صفوریہ والے کا نطفہ ہے اور تو جسے اپنا باپ سمجھتا ہے تو اس سے بڑا ہے۔"

(مقتل حسین جلد ا ص ۱۱۵ از اخطب خوارزم)

ان روایتوں سے معلوم ہوتا ہے کہ ولید صفوریہ نامی گاؤں کے کسی یہودی کا نطفہ تھا اور چونکہ اس زمانے میں عقبہ بن ابی معیط اروٰی بنتِ کریز کا شوہر تھا لہٰذا ولید اس کے نام منسوب ہوا۔

جاہلیت کے زمانہ میں زنا کاری عام تھی اور بنی اُمیّہ کا تو یہ طرّہ امتیاز تھا لہٰذا حضرتِ عثمان کی والدہ کا عقبہ کی زوجیت کے دوران زنا کی اولاد پیدا کرنا کوئی خاص بات نہیں۔ یہ بات قابل تذکرہ صرف اس لئے ہوئی کہ یہ ثابت کیا جا سکے کہ جناب عثمان رسولؐ اللہ کی کسی صلبی بیٹی کے کفو نہ تھے، کیونکہ رسولؐ اللہ کے بارے میں مسلمانوں کا عقیدہ ہے کہ آپ کا پورا سلسلہ نسب پاک و پاکیزہ تھا۔

مقاصد کا حصول آسان اور جلد ممکن ہو سکے گا اور اگر خدانخواستہ یہ لوگ باز نہ آئیں کیونکہ کروڑوں عوام بیدار ہو چکے ہیں اور مسائل سے آگاہ اور میدان میں حاضر ہیں تو خداوند متعال کی مشیت سے انسانی اسلامی مقاصد بڑے پیمانہ پر جامۂ عمل پہنیں گے اور گمراہ لوگ اور معترضین اس طوفانی سیلاب کے سامنے نہ ٹھہر سکیں گے۔

موجودہ ایرانی قوم صدرِ اسلام کی حجازی، کوفی اور عراقی اقوام سے بہتر ہے

میں جرأت کے ساتھ دعویٰ کرتا ہوں کہ آج کی ایرانی قوم اور اس کی کروڑوں کی آبادی آج کے دور میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے دور کی حجازی اور امیرالمومنین (علی) وحسین ابن علی صلوات اللہ وسلامہ علیہما کے دور کی کوفی وعراقی اقوام سے بہتر ہے۔

دور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے حجاز میں مسلمان بھی ان کی اطاعت نہیں کرتے تھے اور مختلف بہانے بنا کر محاذوں پر نہیں جاتے تھے جس پر اللہ تعالیٰ نے سورۂ توبہ میں کچھ آیات کے ذریعے ان کو سرزنش کرتے ہوئے عذاب کی وعید سنائی ہے اور اس حد تک ان کو جھوٹ کی نسبت دی کہ نقل شدہ روایت کے مطابق آپ نے منبر سے ان پر لعنت بھیجی اور عراق اور کوفہ والوں نے اس حد تک امیرالمومنینؑ کے ساتھ غلط سلوک اور ان کی نافرمانی کی کہ آنحضرتؑ کے شکوے نقل وتاریخ کی کتب میں مشہور ہیں اور عراق وکوفہ کے ان مسلمانوں نے سید الشہداء علیہ السلام کے ساتھ وہ سلوک کیا جو کیا اور جن لوگوں نے ان کی شہادت میں اپنے ہاتھوں کو آلودہ نہ کیا یا تو وہ میدان سے فرار ہوئے یا اس تاریخی جرم کے واقع ہونے تک بیٹھے رہے۔ لیکن آج دیکھتے ہیں کہ ایرانی قوم مسلح افواج، پولیس، سپاہ (پاسداران) اور بسیج کی مسلح فورسز سے لے کر قبائل اور رضاکاروں کی عوامی طاقتوں اور محاذوں پر موجود افواج سے لے کر محاذ کے پیچھے موجود عوام تک انتہائی جذبہ وشوق سے کس طرح کی قربانیاں دے رہے ہیں اور کتنی رزمیہ داستان تخلیق کر رہے ہیں اور دیکھتے ہیں کہ پورے ملک کے محترم عوام کتنی گرانقدر امداد کر رہے ہیں اور شہداء کے لواحقین اور جنگ سے متاثرہ افراد اور ان کے متعلقین بہادرانہ انداز کے چہروں اور اشتیاق واطمینان سے بھرپور گفتار وکردار کے ساتھ ہمارے سامنے آتے ہیں اور یہ

قال اللہ قدرہ علی ثم یعذبنی۔ قال نعم یا ابن اللخناء اما واللہ لو کان عندی انسان امرت ان یجاء انفک۔

ترجمہ:۔ ابن عمر سے مروی ہے کہ ایک شخص نے حضرت ابوبکر کے پاس آکر کہا کہ کیا آپ کے نزدیک زنا تقدیر کا کام ہے جناب ابوبکرؓ نے جواب دیا کہ ہاں۔ اس نے کہا کہ کیا اللہ ہی نے اسے میری تقدیر میں لکھا ہے اور پھر وہی مجھے عذاب دے گا۔ ابوبکر بولے ہاں اے لخنا کے بیٹے (انوار اللغۃ کے مطابق ابن اللخنا ایسی عورت کے بیٹے کو کہتے ہیں کہ جس کا ختنہ نہیں ہوا یا جس کی شرم گاہ بدبودار ہو) خدا کی قسم اگر اس وقت میرے پاس کوئی بھی آدمی ہوتا تو میں حکم دیتا کہ تیری ناک کچل دی جائے۔ (کنز العمال جلد ا صفحہ ۵ تاریخ الخلفاء صفحہ ۶۵ مطبوعہ در مطبع محمدی لاہور)

ایسا معلوم ہوتا ہے کہ بدکلامی اور بسیار گوئی آپ کی سرشت میں داخل تھی اور گالی بکنے کی عادت اتنی پختہ ہو چکی تھی کہ اسلام کی تعلیمات اور رسول اللہ کی صحبت (چاہے وہ کبھی کبھار ہی رہی) بھی اس قبیح عادت سے ان کا پیچھا نہ چھڑا سکی۔ آپ کو ان باتوں کا بڑا احساس تھا اور آپ دل سے چاہتے تھے کہ یہ عادتیں چھوٹ جائیں مگر اپنی زبان سے مجبور تھے اور کبھی کبھار تو آپ اس بات پر جھنجھلا اٹھتے۔ جناب شاہ ولی اللہ ازالۃ الخفاء مقصد دوم مآثر ابوبکر صدیق میں لکھتے ہیں۔" ایک روز حضرت عمر فاروق حضرت صدیق کی خدمت میں حاضر ہوئے، دیکھا کہ آپ اپنی زبان کھینچ رہے ہیں۔ حضرت عمر فاروق نے کہا جانے دیجئے اللہ آپ کی مغفرت کرے گا۔ حضرت صدیق نے فرمایا۔ اس نے مجھے بہت مہالک میں ڈالا ہے"

کبھی اپنی بسیار گوئی سے اس قدر پریشان ہو جاتے کہ اپنے منہ میں کنکریاں رکھ لیتے اور سوچتے کہ جب تک یہ منہ میں رہیں گی اس وقت تک تو وہ زبان کی ہلاکت خیزیوں سے محفوظ رہیں گے۔ اس روایت کو بھی جناب شاہ ولی اللہ نے نقل کیا ہے۔ احیا العلوم امام غزالی کے حوالے سے۔

رسول کی آواز پر آواز بلند کرنا

قرآن مجید کی یہ آیت یعنی اے ایمان والو

یہ ہے کہ وہ بھاگ جائیں. تم کو دشمن کے نرغہ میں چھوڑ دیں۔ اس بات کو سن کر ابو بکر نے کہا کہ لات کی شرمگاہ کو چوس. کیا ہم بھاگ جائیں گے اور ان کو چھوڑ دیں گے۔

(تاریخ طبری حصہ اول نفیس اکیڈمی کراچی صفحہ ۳۲۹)

اور صواعق محرقہ میں ہے کہ،

جب عروہ بن مسعود ثقفی نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے کہا کہ یہ لوگ آپ کو چھوڑ کر بھاگ جائیں گے تو آپ نے کہا جا کر لات کی شرمگاہ چوس! کیا ہم آپ سے بھاگ جائیں گے یا آپ کو چھوڑ دیں گے (برق سوزاں ترجمہ صواعق محرقہ، صفحہ ۱۲۳)

یہی عبارت تھوڑی بہت تبدیلی کے ساتھ علامہ ابن اثیر نے تاریخ کامل اور امام احمد بن حنبل نے اپنی مسند میں لکھی ہے، ملاحظہ ہو تاریخ کامل جلد ۲ صفحہ ۱۷۶ اور مسند احمد بن حنبل مطبوعہ مصر جلد ۴ صفحہ ۳۲۴۔ ہر کتاب میں گالی کے یہی الفاظ ہیں "امصص بظر اللات" اردو میں "شرم گاہ" بظر کا بڑا شریفانہ ترجمہ ہے اگر اس گالی کا صحیح لطف لینا ہے تو برق سوزاں کا صفحہ ۱۲۳ ملاحظہ ہو۔ اس میں اس گالی کی بڑی وضاحت کے ساتھ تشریح کی گئی ہے۔

جناب ابوبکر نے اللہ کے رسول کے پاس بیٹھ کر اتنی گندی گالی منہ سے نکالی۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ یا تو آپ رسول اللہ کا دل سے احترام نہیں کرتے تھے اور یا گالی بکنے کی عادت اتنی پختہ تھی کہ آنحضرت کی صحبت بھی یہ عادت نہ چھڑا سکی اور آپ آنحضرت کی موجودگی کا بھی پاس و لحاظ نہ رکھ سکے۔

ہمارا روزمرہ کا مشاہدہ ہے کہ اس قسم کی قبیح عادتیں عام طور سے نچلے طبقے کے لوگوں میں ہوتی ہیں۔ جیسے ہمارے برصغیر کے کنجڑے کبڑیئے اور تانگے والے، آپ نے بھی دیکھا ہوگا کہ تانگہ والا گھوڑے کو قدم قدم پر گالیاں دیتا ہے اور اتنی سنجیدگی سے کہ جیسے گھوڑا ان گالیوں کی تلخی کو محسوس کر رہا ہو۔ یہی حالت چرواہے کی بھی ہوتی ہے کہ وہ بھی تھوڑے تھوڑے وقفہ سے اپنے جانوروں کو گالیوں سے نوازتا رہتا ہے۔ جناب ابوبکر کی زبان پر جو گالیاں چڑھی ہوئی تھیں وہ دغفل کے بیان کو صحیح ثابت کرنے کے لئے کافی ہیں۔ ہو سکتا ہے کہ حضرت ابوبکر

ہے کیونکہ یہ ممکن ہی نہیں کہ لاکھوں کی بھیڑ جو کہ مختلف حالات و کیفیات کے تحت اسلام لائی تھی رسول کی ایک جھلک دیکھتے ہی تمام انسانی کمزوریوں سے دُور ہو گئی ہو۔ اس صورتِ حال کا ایک پہلو قرآن پیش کر رہا ہے۔

بدوؤں نے کہا، ہم ایمان لائے (اے رسول) کہہ دو کہ تم ایمان نہیں لائے لیکن تم (یہ) کہو (کہ) ہم اسلام لائے اور ابھی تک ایمان تمہارے دلوں میں داخل نہیں ہوا۔ (الحجرات، آیت ۱۴)

بعض صحابی تو رسول اللہ کے بہت قریب تھے مگر ان قربت رکھنے والوں میں بھی بڑا فرق تھا، کچھ تو ایسے تھے کہ جنہوں نے رسول اللہ کے ہر حکم پر سرِ تسلیم خم کیا، کبھی رسول کی آواز پر آواز نہیں بلند کی، میدانِ جہاد میں کبھی پیٹھ نہیں پھیری۔ رسول سے جو کچھ سُنا اُسے گرہ میں باندھ لیا اور ہمیشہ اس پر عمل کیا۔ ان کے پیشِ نظر صرف اطاعتِ رسول تھی۔ ان حضرات میں سرِ فہرست سلمان، ابوذر، عمار یاسر اور مقداد تھے۔

رسول اللہ کے قریب رہنے والوں کا ایک اور گروہ بھی تھا جس کے اپنے منصوبے تھے اپنی مصلحتیں تھیں لیکن بظاہر شمعِ رسالت کے پروانہ بنے ہوئے تھے۔ اس کے سرخیل حضرت ابوبکر اور عمر بن خطاب تھے، حضرت عمر کے بارے میں ہماری ایک کتاب "مقامِ عمر" شائع ہو چکی ہے اور اب ابوبکر کے بارے میں "شیخِ سقیفہ" پیشِ خدمت ہے۔

اس کتاب میں ہم نے حضرت ابوبکر کے بارے میں بے لاگ گفتگو کی ہے۔ اس گفتگو سے کسی کی دل آزاری مقصود نہیں، اور دل آزاری کی کوئی بات بھی نہیں ہے کہ ہم صحابہ کی حقیقت بتا چکے ہیں، چنانچہ ابوبکر کی کوئی دینی حیثیت نہیں تھی کہ ان پر تحقیق اور بے لاگ گفتگو کرنا جرم ہو یا اس سے دین میں نقص پیدا ہوتا ہو۔

تاریخ کسی کو معاف نہیں کرتی اور معاف بھی کیوں کرے اس کا تو کام ہی یہ ہے کہ ماضی کی سچائیوں کو پیش کرے تاکہ حال اور مستقبل سنور سکے، تاریخ نے ہر علاقہ اور ہر دور کی جہاں تک رسائی ہو سکی، سچائی پیش کرنے کی کوشش کی ہے۔ تاریخ کے ہر پہلو پر تحقیق ہوتی رہی ہے ہر شخصیت زیرِ بحث آتی رہی ہے اور آتی رہے گی، لہٰذا جناب ابوبکر کی ذاتِ گرامی پر بھی تحقیق

بوڑھے باپ کو قید خانہ میں ڈلوا دیتا ہے، بڑے بھائی سے خونریز جنگ لڑتا ہے اور چھوٹے بھائی کو مہمان بلاتا ہے اور دھوکے سے گرفتار کروا آتا ہے، پھر آنکھوں میں لوہے کی گرم سلائی پھروا کر اندھا کر دیتا ہے اور اسے قید تنہائی میں ایڑیاں رگڑنے کے لئے چھوڑ دیتا ہے

ابوبکر نے صرف تخت ہی حاصل کرنے کے لئے بے رحم بادشاہوں کی سنت پر عمل نہیں کیا بلکہ آپ کے عمومی رویہ حکمرانی میں بھی مطلق العنان بادشاہوں کی جھلک نظر آتی ہے۔ بعض موقعوں پر تو آپ ہلاکو خان اور چنگیز خان کے قبیلے والے لگتے ہیں۔

ہم نے اس کتاب "شیخ سقیفہ" میں مستند حوالوں اور مضبوط دلیلوں کے ساتھ جناب ابوبکر کے اسی رُخ کو پیش کرنے کی کوشش کی ہے ہمیں امید ہے کہ ہم اس حد تک تو کامیاب ہوئے ہیں کہ انصاف پسند اور روشن خیال قاری حضرت ابوبکر کو کائنات کی سب سے بڑی شخصیت (بعد از انبیاء) سمجھنے کی حماقت نہیں کرے گا اور انہیں کوئی دینی حیثیت دینے میں بھی ہچکچائے گا، اگر بات سیاسی حوالہ سے ہوگی تو انہیں مطلق العنان بادشاہوں کی صف میں کھڑا کر کے ان کے مقام کا تعین کیا جائے گا۔

علی اکبر شاہ

جولائی ۱۹۸۹ء

اوراس کی تحریر کو مٹا دیا۔ وہ دونوں حضرات جناب ابوبکر کی خدمت میں واپس آ گئے اور پوچھا کہ آپ خلیفہ ہیں یا عمر؟ پھر عمرؓ آ گئے اور جناب ابوبکر پر ناراض ہوئے۔

(ازالۃ الخفار مقصد دوم)

اس سے ملتی جلتی ایک روایت طبری میں بھی ہے، ملاحظہ ہو

"جب ابوبکر نے شام کی مہم کے لئے لشکر تیار کیا تو سب سے پہلے ایک چوتھائی حصہ پر خالد بن سعید کو امیر مقرر کیا مگر عمر نے اس کو ناپسند کیا اور ابوبکر سے کہا کہ آپ ایسے شخص کو امیر بناتے ہیں جس کے یہ اقوال و افعال ہیں۔ (خالد نے خلافتِ ابوبکر پر مخالفانہ روش اختیار کی تھی) اور اس پر ابوبکر کو بار بار ٹوکتے رہے۔ آخر کار ابوبکر نے خالد بن سعید کو معزول کر کے یزید بن ابوسفیان کو امیر مقرر کر دیا۔ (تاریخ طبری حصہ دوم صفحہ ۲۲۶ نفیس اکیڈمی کراچی)

جناب عمر خلیفہ کے ہر معاملہ میں مداخلت کرتے اور اپنی بات منوالیتے۔ صرف اکادکا مثالیں ہیں کہ جناب ابوبکر نے ان کے مشورے کو نظر انداز کر دیا۔ دراصل یہ ابوبکرؓ کے لئے بہت دشوار تھا کہ وہ عمر کی بات کو ٹال سکیں۔ سیاست میں تو طاقتور حمایتی کے ناز نخرے اٹھانا ہی پڑتے ہیں۔

حضرت ابوبکر کے بس دو کام تھے اور یہی ان کا نظام حکومت تھا یعنی جہاں جہاں ضروری سمجھو فوجیں بھیجتے رہو اور فوجیں اپنی لوٹ مار کا پانچواں حصہ مدینہ بھیجیں تو انہیں اہلِ مدینہ میں بانٹ دو —— باقی رہا پوری مملکت کا کاروبار تو وہ ہر علاقہ کے فاتح کی مرضی پر تھا کہ وہ جس طرح چاہے چلائے اور اس کا بھی کوئی انتظام نہیں تھا کہ یہ معلوم ہو سکے کہ مرکز کو اسکا پورا حصہ پہنچ بھی رہا ہے یا نہیں، اور اگر معلوم بھی ہو جاتا کہ فلاں شخص مال ہڑپ کئے لے رہا ہے تو بھی کچھ نہیں کیا جا سکتا تھا مشہور صحابی معاذ بن جبل یمن بھیجے گئے، وہاں سے واپس آئے تو بہت سا مال بھی ساتھ لائے اور اس سے اپنی ذاتی تجارت شروع کر دی۔ کہا جاتا ہے کہ معاذ بن جبل پہلے شخص ہیں کہ جنہوں نے مالِ

مکہ میں خالد بن عبداللہ القسری ـــــ خداوند تری دنیا ظلم سے بھر گئی ہے، اب لوگوں کو راحت دے"۔ (خلافت و ملوکیت از مودودی صـ۱۸۷، ابن اثیر جلد ۴ صـ۱۳۲)

یہ تو خلیفہ ولید بن عبدالملک کے زمانہ کی حالت تھی، مگر اور دوسرے خلفائے آل مروان بھی کچھ کم سفاک نہیں تھے ان سب کے مظالم قلمبند کیے جائیں تو ایک کتاب تیار ہو جائے حضرت ابوبکرؓ اور ان کے نامزد کردہ خلیفہ عمر کے دورِ حکومت میں ظلم کی اتنی نظیریں موجود تھیں کہ ان کے بعد آنے والا ہر ظالم و غاصب حکمراں بڑے اطمینان کے ساتھ ظلم و جور کا بازار گرم رکھتا ـــــ اور یہ سارے سفاک ابوبکرؓ اور عمرؓ کے لائے ہوئے انوکھے سامراج کے ورثہ دار تھے اور ان کے پاس ہر نوعیت کے ظلم کا ایک ہی جواب تھا کہ یہ سب کچھ تو ابوبکرؓ و عمرؓ جیسے یارانِ رسول کر چکے ہیں۔

کتاب کے آخر میں بنتِ رسولؐ شہزادی فاطمہ زہراؑ کا خطاب مسلمانوں کے سامنے ہے اسمیں بی بیؑ کے کرب کو محسوس کیجئے اور اسمیں سموئی ہوئی تاریخ پر غور کیجئے، ہوسکتا ہے کہ آپ ظلم سے نفرت کرنا سیکھ جائیں اور ظالموں کے لئے اللہ کی رضا کے طلب گار نہ ہوں یہ خطاب اسوقت کا ہے جب مہاجرین و انصار کی کچھ عورتیں جنابِ فاطمہؑ کے مرض الموت کے دوران حاضر ہوئیں اور مزاج پرسی کی۔

آپؑ نے ارشاد فرمایا: بخدا میں نے اِس حال میں صبح کی کہ اب تمھاری دنیا سے کراہت اور تمھارے مردوں سے نفرت ہوگئی۔ میں نے ان خُموں کو دانت لگانے سے پہلے ہی تھوک دیا (دربارِ ابن ابی قحافہ میں) تجربے کے بعد اُن سے بیزار ہو چکی ہوں۔ اللہ بُرا کرے اس تلوار کا جو کُند ہو چکی ہو اور اس نیزے کا جو چٹخ چکا ہو اور اُس رائے کا جو فاسد ہو جائے "کتنی بُری عاقبت اُن لوگوں نے اپنے لیے فراہم کرلی۔ اُن پر اللہ کا غضب نازل ہو اور وہ ہمیشہ عذاب میں مبتلا رہیں۔ لامحالہ پھر ہم نے بھی اُن کی مہار اُن کی گردن میں ڈال دی اور انھیں بالکل منتشر ہونے کے لیے چھوڑ دیا۔ اور ان کا بوجھ اُن ہی کے کاندھوں پر رکھ دیا، اب یہ ظالم قوم خواہ اپنے کان، ناک کٹوائے، پاؤں تڑوائے یا پیس (روند) دی جائے، ہم بری الذمہ ہیں۔ مگر ان پر افسوس ہوتا ہے کہ یہ لوگ رسالت کی بلند چوٹیوں اور نبوت کی مضبوط چہار دیواریوں نیز منزلِ وحی والہام اور امورِ دین و دنیا کے ماہر سے اس امرِ خلافت کو ہٹا کر کہاں لے گئے۔ وہ آگاہ ہوں کہ اس میں اُن کا کھُلا گھاٹا ہے اور خدا کی قسم یہ انتقام ابوالحسنؑ سے اس لیے لیا گیا ہے کہ اُن کی تلوار نے ان لوگوں کے حُلیے بگاڑ دیے تھے، اُنھوں نے اُن لوگوں کو کچل ڈالا تھا، ان کی جنگ ان لوگوں کے لیے عذاب بن گئی تھی وہ خدا کی راہ میں بالکل شیر بن جاتے تھے۔

ظاہر ہے کہ وہ تو مدینہ کا واحد قبرستان تھا اگر کہیں اور دفن ہونا معلوم نہیں تو انہیں وہیں دفن ہونا چاہیئے اور اس کا بھی کوئی جواب نہیں ہے کہ آپ اپنے محبوب شوہر کے پہلو میں کیوں نہیں دفن کی گئیں۔ اِن حالات میں یہ روایت بھی قابلِ غور ہے کہ ۵۶ھ میں معاویہ مدینہ آیا تو اس نے بی بی عائشہ کو اپنی قیام گاہ پر مدعو کیا اور ایک کنواں کھدوا کر اسے خس و خاشاک سے بھر دیا اور اس پر ایک کرسی رکھوادی۔ جب بی بی عائشہ تشریف لائیں تو انہیں اس کرسی پر بیٹھنے کے لئے کہا۔ جیسے ہی آپ نے وہاں قدم رکھا۔ کنویں میں گر پڑیں۔ معاویہ نے اس کنویں کو چونے سے بھروا دیا۔ (حبیب السیر جلد اجزء سوم ص۵۰ بمبئی)

آپ کی وفات ۱۷ رمضان بروز منگل ۵۶ھ میں ہوئی۔

اُم کلثوم یہ حضرت ابوبکر کی سب سے چھوٹی صاحب زادی ہیں۔ اِن کی والدہ محترمہ اسماء بنت عمیس ہیں اور محمد بن ابی بکر ان کے ماں جائے۔ اِن کی ولادت جناب ابوبکر کی وفات کے چند دن بعد ہوئی تھی۔

اسماء بنت عمیس سے حضرت علیؑ نے شادی کی تو حضرت ابوبکرؓ کے یہ دونوں بچے ان کی کفالت میں آ گئے۔ انہوں نے اِن کی پرورش اپنی اولاد کی طرح کی۔ طبری کی ایک روایت کے مطابق حضرت عمر بن خطاب نے بی بی عائشہ سے اُم کلثوم کے ساتھ عقد کی خواہش کی مگر اُم کلثوم نے انکار کر دیا۔

اُم کلثوم نے کہا "میں ان کے ساتھ شادی نہیں کروں گی۔ اس پر حضرت عائشہ نے فرمایا کیا تم امیر المومنین کے ساتھ نکاح سے انکار کرتی ہو؟ وہ بولیں ہاں! وہ بہت کھردری زندگی بسر کرتے ہیں اور خواتین کے ساتھ سخت مزاج ہیں۔ (طبری اردو جلد سوم ص۲۹)

اُم کلثوم بنتِ ابی بکر نے علیؑ کے گھر میں پرورش پائی تھی اور خود حضرت علیؑ کی ایک صاحب زادی کا نام بھی اُم کلثوم تھا لہٰذا اس کا فائدہ اٹھایا گیا اور بعض مورخین نے مغالطہ یا سازش کے تحت اُم کلثوم بنتِ ابی بکر کے بجائے اُم کلثوم بنتِ علیؑ لکھ کر عمر بن خطاب کے ساتھ ان کے نکاح کا تذکرہ کرنا شروع کر دیا۔ واضح رہے کہ یہ نکاح جبریہ ہوا تھا۔

ہیں عمر نے کہا ہوا کریں مجھے پرواہ نہیں" یہ تو یہ ہے کہ عمر کو بنت رسول کسی درجہ
محبوب نہیں تھیں۔ کیونکہ انہیں ان کے والد رسول اللہ صلعم بھی محبوب نہ تھے۔ ان
طور طریقے خاص طور سے علالتِ رسولؐ کے دوران اور وفات کے بعد سے اب تک
کی ان کی کارگذاریاں اس بات کی گواہ ہیں کہ انہیں خلافت سب سے زیادہ محبوب

ہم حیران ہیں کہ اتنے بڑے محقق کو اس روایت کے راویوں کے بارے میں کیا
نہ معلوم ہو سکا۔ بہرحال ان کا یہی بہت بڑا احسان ہے کہ انہوں نے روایت کے
اعتبار سے انکار نہیں کیا۔

مصر کے مشہور صحافی اور دانشور محمد حسین ہیکل اپنی کتاب "ابوبکر" میں انکار
کے حوالے سے کئی روائتیں تحریر فرماتے ہیں مگر اپنی رائے محفوظ رکھتے ہیں۔ انہی روا
یں سے مسلم بن قتیبہ کی ایک روایت کو انکارِ بیعت کی مشہور ترین روایت قرار دیتے
نقل کرتے ہیں، ملاحظہ ہو۔

"حضرت علی اور دیگر بنی ہاشم کے بیعت نہ کرنے سے متعلق مشہور ترین روایت
ہے جو ابن قتیبہ نے اپنی کتاب "الامامۃ والسیاست" میں درج کی ہے وہ یہ کہ حضرت
ابوبکر کی بیعت کے بعد حضرت عمر چند لوگوں کو ساتھ لے کر بنی ہاشم کے پاس گئے جو اس
حضرت علی کے پاس جمع تھے تاکہ ان سے بھی بیعت کا مطالبہ کریں لیکن سب لوگوں نے
عمر کا مطالبہ ماننے سے انکار کر دیا۔ زبیر بن عوام تو ہاتھ میں تلوار لے کر مقابلے کے
باہر نکل آئے۔ یہ دیکھ کر حضرت عمرؓ نے اپنے ساتھیوں سے کہا۔

"زبیر کو پکڑ لو"

لوگوں نے زبیر کو پکڑ کر ان کے ہاتھ سے تلوار چھین لی۔ اس پر مجبوراً زبیر نے
کر حضرت ابوبکر کی بیعت کر لی۔

حضرت علی سے بھی بیعت کرنے کا مطالبہ کیا گیا لیکن انہوں نے انکار کر دیا۔ ا
"میں تمہاری بیعت نہیں کروں گا کیونکہ میں تم سے زیادہ خلافت کا حق د

کی بڑی خلیج یہی مسئلہ خلافت ہے۔ جنگِ جمل، صفین، نہروان، واقعہ کربلا، بنو عباس و بنو امیہ کی رزم آرائی اور آج تک کے شیعہ سنی فسادات محض اس لئے ہوئے ہیں کہ مسئلہ خلافت طے نہ ہوا۔ کوئی ابوبکر والا ہوا تو کوئی علیؑ والا۔ کوئی پہلے نمبر کا نعرہ لگاتا ہے کوئی چوتھے نمبر کا۔ اگر یہی بات حضورؐ بقلم خود لکھ کر صاف کر دیتے تو کوئی جھگڑا ہوتا نہ فساد۔ ایک غیر جانبدار قاری کو اس سے کوئی سروکار نہیں کہ علیؑ خلیفہ نامزد کر دیئے جاتے یا ابوبکر۔ اگر اعتراض ہے تو یہ ہے کہ رسولؐ جیسے مناسب خیال فرماتے مقرر کر دیتے اور رسولؐ کے مقرر کردہ نائب پر تمام امت متفق ہو جاتی۔ اب چونکہ حضرت عمر اور اُن کے ساتھیوں کی وجہ سے حضورؐ وہ تحریر صفحۂ قرطاس پر رقم نہ فرما سکے لہٰذا شروع سے لے کر آخر تک جتنے بھی مسلمانوں میں باہمی فسادات ہیں اور جو بھی اس میں خون بہایا گیا ہے اس کی تمام ذمہ داری حضرت عمر کی ذاتِ گرامی پر عائد ہوتی ہے۔

باوجودیکہ مسلمانوں میں محض اسی مسئلہ خلافت کے باعث لاکھوں جنگ و فساد ہوئے اور کئی لاکھ جانیں تلف ہوئیں پھر بھی تحفہ میں شاہ عبدالعزیز کی ہٹ دھرمی دیکھئے کہ کہتے ہیں "کسی صورت سے ان نوشتہ کے منع کرنے میں حق امت کا باطل نہیں ہوا۔" یہ جملہ ایک طرف اعتراف اور اقرارِ حقیقت ہے کہ نوشتہ نہ لکھنے دیا گیا۔ تو دوسری طرف انکارِ حقیقت ہے کہ امت اسی وقت سے اب تک مسلسل باطل میں گھرتی جا رہی ہے۔ نیز یہ کہ مانعین قرطاس قلم کے حامیوں کا واضح فیصلہ یہی ہے کہ آنحضرتؐ سامانِ کتابت طلب کرنے میں غلطی کی (معاذ اللہ)۔

تمام راوی تیسری وصیت بھول گئے ہیں۔ یہ بھول بھی معنی خیز ہے اور اس سے بہت سی بھول بھلیاں پیدا ہوتی ہیں۔ معارج النبوۃ میں ہے کہ "وصیت سوم وے را فراموش شدہ بود یا در اظہار آں مصلحت ندید" (معارج النبوۃ رکن چہارم باب ۱۴ فصل ۳ صفحہ ۲۲۹) یعنی تیسری وصیت راوی بھول گیا یا اس کے اظہار میں مصلحت نہ دیکھی۔

امر حقیقی یہی ہے کہ اس نے مصلحت نہ دیکھی کیونکہ جس بات سے حضرت عمر روکیں گے اس کے بیان کرنے سے بے شمار مصائب کا اندیشہ تھا۔ لہٰذا اس کے بیان نہ کرنے ہی میں مصلحت تھی۔

علامہ غزالی لکھتے ہیں کہ "جب آنحضرتؐ نے انتقال فرمایا تو اپنی وفات سے پہلے آپ نے ارشاد فرمایا کہ میرے پاس دوات و کاغذ لاؤ تا کہ میں امر خلافت کے متعلق تمہارے شبہات دور کر دوں اور بیان کر دوں کہ میرے بعد اور کون خلافت کا مستحق ہے۔ لیکن حضرت عمر یہ کہہ کر مانع ہوئے کہ یہ شخص (رسول اکرمؐ) بکواس کر رہا ہے یا یہ کہا کہ ہذیان بک رہا ہے۔" (سر العالمین مطبوعہ مصر صفحہ ۱)

امام غزالی کی اس عبارت سے تصریحاً ثابت ہوتا ہے کہ مطلوبہ تحریر مسئلہ خلافت سے متعلقہ تھی۔ تاہم راوی کی بھولی ہوئی تیسری وصیت بھی ہم تک صریح الفاظ کے ساتھ پہنچی ہے۔

